فوری ریلیز کے لیے: 19/10/2022 ***KATHY HOCHUL* گورنر**

گورنر HOCHUL نے نیویارک کی بغیر عملہ ایئرکرافٹ سسٹمز انڈسٹری کی ترقی میں اہم پیش رفت کا اعلان کیا ہے

FAA نے نیویارک کے UAS ماحولیاتی نظام کی ترقی کی خاطر تقریباً 113$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے بعد UAS کارروائیوں کے لیے نیویارک کی 50 میل طویل مکمل ڈرون راہداری کی منظوری دی ہے

ڈرون راہداری ایڈمنسٹریٹر NUAIR بین الاقوامی ترقی یافتہ فضائی نقل و حرکت کی راہداری کی ترقی کے لیے کیوبیک پر مبنی Vports کے ساتھ معاہدے بھی کرتا ہے

ریاست نیویارک کی سرمایہ کاریاں " CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتی ہیں - جو خطے کی ایک جامع حکمتِ عملی ہے تاکہ کمیونٹیز کی احیائے نو کی جا سکے اور معیشت کو فروغ دیا جا سکے

ڈرون راہداری فلائیٹ کی فوٹیج یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ نیویارک کے بغیر عملہ ایئر کرافٹ سسٹمز ٹیسٹ سائٹ کو وفاقی ہوابازی انتظامیہ (Federal Aviation Administration) کی جانب سے بغیر عملہ ایئر کرافٹ سسٹم کی - جنہیں بالعموم ڈرونز کہا جاتا ہے - نیویارک کی ڈرون راہداری کے اندر 50 میل کی مکمل فضائی حدود میں بصری حدِ نگاہ سے آگے پرواز کی منظوری مل گئی ہے۔ یہ فلائٹ اتھارٹی NUAIR، بغیر عملہ ایئر کرافٹ سسٹمز راہداری کے آپریٹر کو، سیراکیوز انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روم میں گریفس انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک بصری مشاہدہ کاروں کی ضرورت کے بغیر سویلین ڈرونز اڑانے کی صلاحیت دے گی۔ FAA تفویض کمرشل ڈرون اور فضائی نقل و حمل کی پیشرفت شدہ کارروائیوں کی مکمل صلاحیت اور معاشی فائدے کے حصول میں مدد دے گی، جن میں بغیر عملہ ایئر کرافٹ کے ذریعے کارگو اور مسافری نقل و حمل شامل ہے۔

"نیویارک کی اسٹیٹ آف دی آرٹ ڈرون راہداری ریاستی مقام کو جدید ترین ڈرون ٹیکنالوجی کی اس ارتقاء پذیر مارکیٹ میں عالمی رہنما کے طور پر مزید مستحکم کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ڈرون راہداری کی کارروائیوں میں اپنے مسلسل سرمایہ کاری اور توجہ کے ذریعے، ہم وسطی نیویارک، موؤہوک ویلی اور ریاست بھر میں آنے والی نسلوں کے لیے خطے کی معیشتوں کو مضبوط بنا رہے ہیں اور انہیں ترقی دے رہے ہیں۔"

گورنر Hochul نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست CNY رائزنگ اپ سٹیٹ احیائے نو کے اقدام کی فنڈنگ کی مد میں NUAIR کو 21$ کی اضافی رقم بھی فراہم کرے گی تاکہ وسطی نیویارک اور موؤہوک ویلی میں موجود راہداری کے ساتھ عالمی قیادت کرنے والی UAS انڈسٹری کے مرکز کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ پروجیکٹ اہم بنیادی ڈھانچے کی جانچ اور اسے نصب کرنے میں مدد دے گا تاکہ جدید انڈسٹری استعمالات، ریاستی ایجنسی کی جانب سے UAS اپنانے کے عمل، اور اس سے منسلک افرادی قوت کے فروغ کو ممکن کیا جا سکے۔

ریاست نیویارک کی بغیر عملہ ایئر کرافٹ سسٹمز ٹیسٹ سائٹ، جو اونیڈا کاؤنٹی کی ملکیت ہے، قوم کی واحد سات وفاقی ہوابازی انتظامیہ کے تفویض کردہ بغیر عملے کے ایئر کرافٹ سسٹمز ٹیسٹ کی سائٹس میں سے ایک ہے۔

NUAIR پہلے سے ان ریاستی ایجنسیوں کی تعداد میں اضافہ کرنے میں مدد دے رہا ہے کہ جو ڈرونز کو اپنی کارروائیوں سے مربوط کر سکیں جن میں NYS تھرو وے اتھارٹی کے ساتھ پُلوں اور بنیادی ڈھانچے کی جانچیں، NYS DEC کے ساتھ ماحولیاتی تحفظ اور مزید بہت کچھ شامل ہے۔ FAA کی یہ توسیعی تفویض اور اضافی فنڈنگ ریاست نیویارک میں UAS انڈسٹری کے اختراعی عمل کو آگے بڑھائے گی، جس سے کم خرچ، اور ماحولیاتی طور پر ایسی شعوری ڈرون کارروائیوں کو مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی جو پوری ریاست نیویارک کے اندر اہم سپلائی چینز کی تکمیل کریں گی۔

گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ NUAIR کیوبیک پر مبنی VPorts کے ساتھ ایک معاہدے میں شامل ہو گیا ہے، جو کہ فضائی نقل و حمل کے جدید بنیادی ڈھانچے کی ڈیزائن، تعمیر، اور آپریشن میں عالمی رہنما کی حیثیت رکھتا ہے، تاکہ سیراکیوز انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور کیوبک، کینیڈا کے درمیان پہلی قومی بین الاقوامی فضائی نقل و حمل کی جدید راہداری کا قیام عمل میں لایا جا سکے۔ مذکورہ راہداری کا مقصد ایک ایسا ماحولیاتی نظام تشکیل دینا ہے جو برقی عمودی پرواز اور لینڈنگ کرنے والے ایئر کرافٹ یا بڑے، ہیلی کاپٹر کے سائز کے ڈرونز کا استعمال کرتے ہوئے مکمل کمرشل کارگو نقل و حمل کی کارروائیوں کے لیے پلیٹ فراہم کرے گا۔

NUAIR کے CEO Ken Stewart نے کہا، "آج کا دن NUAIR اور ریاست نیویارک کے لیے ایک اہم اقدام کی علامت کو ظاہر کرتا ہے، جو قومی فضائی حدود کے اندر محفوظ طریقے سے مربوط ڈرونز میں اس کی قیادت کی توثیق کرتا ہے اور جدید فضائی نقل و حمل کی کارروائیوں کے اگلے مرحلے کو ممکن کرتا ہے۔ روم اور سیراکیوز NY کے درمیان 50 میل طویل یہ راہداری ان تمام عناصر اور بنیادی ڈھانچے کا منفرد انداز میں احاطہ کرتی ہے جو UAS استعمالات کو کمرشل بنانے میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں مثلاً نقل و حمل کی جانچیں اور یوٹیلیٹی بنیادی ڈھانچہ، میڈیکل لاجسٹکس، ماحولیاتی تحفظ، اور عوامی تحفظ کی کارروائیاں۔"

سیراکیوز علاقائی ایئرپورٹ اتھارٹی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Jason Terreri نے کہا، "ہمارا ویژن ایئرپورٹ پر UAS/eVTOL کارروائیوں، بنیادی ڈھانچے کی معاونت، اور فروغ کے لیے امریکہ میں صفِ اول کا کمرشل سروس ایئر پورٹ بننا ہے۔ اس اعلان کا دورانیہ ہمیں اس سلسلے میں مدد دیتا ہے کہ ہم مقامی UAS مرتکز اقدامات اور تنظیموں بشمول، NUAIR، GENIUS NY سمیت یہاں وسطی نیویارک میں موجود دیگر متعدد کثیر الاقوامی کمپنیوں کی خاطر اپنی معاونت کو بڑھائیں۔ SYR ان کمیونٹیز کو دوبارہ مربوط کرنے کی بھی خواہش رکھتا ہے جنہیں نقل و حمل کے روایتی ڈھانچے کے فقدان کے باعث ماضی میں معاشی مواقع سے محروم رکھا گیا تھا۔ AAM راہداری کے قیام میں شراکت دار بننے سے محروم کمیونٹیز کو ایک نیا متبادل ذریعۂ نقل و حمل میسر آئے گا جس سے یہ کمیونٹیز دوبارہ مربوط ہو جائیں گی اور اس کے ارکان کو اضافی معاشی مواقع فراہم ہوں گے۔"

VPorts کے صدر اور بانی Dr. Fethi Chebil کا کہنا تھا کہ "NUAIR اور ان کے شراکت داران کی جانب سے حالیہ NASA AAM ٹاسک کے حکم کے حصے کے طور پر کیے گئے مفصل کام سے ہمیں وہ اعتماد حاصل ہوا جو کہ ہمیں کیوبیک سیراکیوز انٹرنیشنل راہداری کے قیام میں حصہ لینے کے لیے NUAIR کا انتخاب کرنے کے لیے درکار تھا، جس سے جدید فضائی نقل و حمل کی ترقی، تکمیل، اور سماجی قبولیت میں کردار ادا ہو گا۔ یہ اقدام 2045 تک دنیا بھر میں 1,500 ورٹی پورٹس کے قیام اور انہیں چلانے کے ہمارے مقصد اور ویژن کے موافق ہے۔"

نیویارک نے وسطی نیویارک اور موہوک ویلی کے علاقوں میں ڈرونز اور متعلقہ UAS انڈسٹری کے کاروباروں کے لیے اعلیٰ سطح کے قومی مقام کے طور پر اپنی ساکھ بنانے کے لیے کام کیا ہے۔ 2016 کے بعد سے، انڈسٹری کو زیادہ سے زیادہ وسائل کی فراہمی کی خاطر ریاست نے بھاری سرمایہ کاریاں کی ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- 50 میل طویل UAS فلائیٹ ٹریفک مینیجمنٹ سسٹم کی ترقی کے لیے 35$ ملین کی ابتدائی سرمایہ کاری؛
- سکائی ڈوم، اونیڈا کاؤنٹی کی درونِ خانہ ڈرون ٹیسٹنگ سہولت گاہ کے لیے 9$ ملین،

- سیراکیوز میں CenterState کے CEO کی جانب سے ٹیکنالوجی گارڈن کے نظم کردہ پروگرام، GENIUS NY مقابلے کے پانچ مراحل کے لیے 25$ ملین سے زائد کی رقم، جو انڈسٹری کے نوآموز کاروباری افراد کو انکیوبیٹر کی جگہ، کمپنی وسائل، پروگرامنگ اور مینٹورنگ اس شرط پر فراہم کرتی ہے کہ جیتنے والے کم از کم ایک سال کے لیے علاقے کے اندر ہی اپنی سرگرمیوں کا قیام کریں؛ اور
- ڈاؤن ٹاؤن سیراکیوز میں ٹیکنالوجی گارڈن کی توسیع کے لیے جاری سرمایہ کاریوں کی مد میں 16.6$ ملین کی رقم، تاکہ اس کی UAS انڈسٹری کی کوششوں میں بہتری لانے میں مدد مل سکے۔

وسطی نیویارک اور موہوک ویلی میں ہدف کردہ انڈسٹری کے اندر نیویارک کی جاری سرمایہ کاری کے نتیجے میں بھی نجی سرمایہ کاری بھی شروع ہوئی ہے۔ 2018 میں، دو بین الاقوامی فرمز سمیت، چھ کمپنیوں نے UAS سینٹرل جاب فنڈ کے ذریعے مختلف ریاستی معاونت کی مد میں 6.2$ ملین سے زائد دستیاب بنائے جانے کے بعد دونوں علاقوں میں مواقع کی تخلیق کا عزم کیا۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ایسی اختراعی ٹیکنالوجیز اور ابھرتی ہوئی انڈسٹریز کی معاونت کرنا ESD کے مشن کی بنیاد ہے، جو آنے والے کل کے لیے ملازمتی مواقع تخلیق کریں۔ ریاست کی علاقائی معاشی ترقی کی کونسلز (Regional Economic Development Councils) کے ساتھ مل کر کام کر کے، ہم وسطی نیویارک اور موہوک ویلی میں UAS انڈسٹری کی ترقی پر ازحد توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ ریاست نیویارک میں UAS شعبے کی مسلسل ترقی کو یقینی بنانے میں یہ FAA تفویض ایک اور سنگِ میل کی نمائندگی کرتی ہے۔"

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "گریفس انٹرنیشل ایئرپورٹ پر موجود UAS ٹیسٹ سائٹ جس کو محفوظ بنانے کے لیے میں نے سخت مقابلہ کیا، اس نے موہوک ویلی کو UAS اختراع کا ایک کلیدی مرکز بنا دیا ہے، جہاں جدید ترین ٹیکنالوجی میں کلیدی کامیابیوں پر پیش رفت کی جا رہی ہے، اور اچھی آمدنی والی ہزاروں ملازمتوں کی معاونت کی جا رہی ہے۔ اب، FAA کی جانب سے اس منظوری کے ساتھ، نیویارک کا جدید ترین ڈرون کیمپس ایسی اڑان بھرے گا جو اس نے پہلے کبھی نہ بھری۔ موہوک ویلی سے نکلنے والی اختراعات اور معاشی صلاحیتیں لامحدود ہیں اور میں ان نئی بلندیوں کو چھونے میں مدد دینے کے لیے اونیڈا کاؤنٹی کی خاطر ہمیشہ جنگ لڑتا رہوں گا۔"

ریاستی سینیٹر Rachel May کا کہنا تھا کہ، "وسطی نیویارک کی ڈرون راہداری کے لیے نئے مواقع میں توسیع کا مشاہدہ کرنا ہمیشہ دلچسپ لگتا ہے۔ FAA کی جانب سے بغیر عملے کے ایئر کرافٹ سسٹمز کو بصری حدِ نگاہ سے آگے چلانے کی منظوری سے ہمارا علاقہ اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ کاروباری اداروں کو متوجہ کر سکے اور پھر ان کی توجہ برقرار رکھ سکے اور ایسی معاشی ترقی کو جاری رکھ سکے، جس کا ہم نے گزشتہ کئی سالوں سے مشاہدہ کیا ہے۔ گورنر Hochul آپ کی مسلسل معاونت اور NUAIR پر متعدد ایسے UAS پروجیکٹس کے لیے ریاستی فنڈنگ کی مد میں 21$ ملین کی رقم فراہم کرنے پر آپ کا شکریہ، جو انڈسٹری میں ہمارے خطے کو مزید مستحکم کریں گے۔"

ریاستی سینیٹر John W. Mannion نے کہا، "وسطی نیویارک کی UAS انڈسٹری سیراکیوز میں ترقی اور اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کی فراہمی کو مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔ FAA کی جانب سے یہ نئی تفویض ریاست نیویارک میں موجود ڈرون کمپنیوں کے لیے تحقیق، ترقی، اور جدید ٹیکنالوجیز کی تخلیق میں مزید مواقع دستیاب بنائے گی۔ میں گورنر Hochul کو ان کے پختہ عزم پر سراہتا ہوں جنہوں نے مقننہ کے اراکین کے ساتھ مل کر سرمایہ کاریاں کرنے اور ایک ایسی عوامی پالیسی کے فریم ورک کی تخلیق پر کام کیا جو کمپنیوں، ملازمین، اور ایسی کمیونٹیز کو معاونت فراہم کرے جہاں یہ اختراعات ہو رہی ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Joseph Griffo نے کہا، "مجھے اس بات کی بےحد خوشی ہے کہ وفاقی ہوابازی انتظامیہ نے سیراکیوز انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور روم میں گریفس انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے درمیان ڈرون راہداری کے لیے بصری حدِ نگاہ سے باہر کی تفویض کی منظوری دے دی ہے۔ CNY رائزنگ اپ سٹیٹ احیائے نو کے اقدام کی جانب سے

فنڈنگ کے ہمراہ یہ تفویض، موہوک ویلی اور وسطی نیویارک میں UAS اور ڈرون سے متعلقہ ٹیکنالوجی کو فروغ دے گی اور اس میں بہتری لائے گی۔"

رکن اسمبلی **William Magnarelli نے کہا**، "ریاست نیویارک کی ڈرون راہداری بغیر عملہ ایئر کرافٹ سسٹمز انڈسٹری میں وسطی نیویارک کی بطور عالمی رہنما ساکھ تشکیل دے گی۔ اس خطے میں بصری حدِ نگاہ سے آگے کی اجازت دینے سے وسطی نیویارک اور موہوک ویلی میں موجود کاروباری اداروں کی ترقی کے مواقع میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ وہ اس انڈسٹری میں اپنی ساکھ برقرار رکھنے کے لیے اختراعات کے میدان میں ہراول دستے کے طور پر مقابلہ کرتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Pamela Hunter نے کہا، "Micron کے اعلان کے فوراً بعد، FAA کی جانب سے سویلین ٹیسٹنگ کے لیے 50 میل طویل ڈرون راہداری کی منظوری تیزی سے فروغ پاتی انڈسٹریز کے ساتھ وسطی نیویارک کی ساکھ کو مزید مستحکم کرتی ہے۔ ڈرونز کے سویلین استعمال میں اختراع کا عمل حال ہی میں شروع ہو رہا ہے اور میں اس سلسلے میں FAA کی تفویض کا خیرمقدم کرتی ہوں۔ یہ ڈرون راہداری انڈسٹری کے اندر ٹیکنالوجی کی جدتوں میں تیزی لائے گی اور ہمارے خطے کے لیے وسیع مواقع فراہم کرے گی۔

رکن اسمبلی Al Stirpe کا کہنا تھا، "یہ وسطی نیویارک کے لیے ایک مزید شاندار خبر ہے! FAA کی جانب سے بصری حدِ نگاہ سے آگے کی تفویض ہماری 50 میل طویل ڈرون راہداری کو منفرد بناتی ہے۔ ہمارا خطہ دلچسپی رکھنے والی کسی بھی UAS کمپنیز کے لیے کارآمد مقام بن جائے گا۔ CNY رائزنگ اپ سٹیٹ احیائے نو کے اقدام سے 21$ ملین کی اضافی رقم ایسی اضافی کمپنیوں کو متوجہ کر کے، ہمارے UAS ہب کو فروغ دے گی جنہیں اپنے آلات اور استعمالات کے ساتھ ساتھ، ایسی تربیتی افرادی قوت کو ٹیسٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جس سے ہمارے خطے میں انڈسٹری کے فروغ کے لیے افراد فراہم کیے جا سکیں۔"

رکن اسمبلی Marianne Buttenschon نے کہا، "گریفس بزنس پارک میں ترقی کا عمل تواتر سے جاری ہے اور اس کی ترقی کی یہ ایک اور شاندار مثال ہے۔ میں گورنر، امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی ٹیم کے اراکین، اور اونیڈا کاؤنٹی کی قیادت کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی جنہوں نے معاشی ترقی کے فروغ کے دوران ہماری کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے کی خاطر ٹیکنالوجی کی ترقی میں مسلسل معاونت فراہم کی۔"

اونیڈا کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Anthony J. Picente Jr. کا کہنا تھا، "اونیڈا کاؤنٹی ڈرونز بنانے اور ان کے انضمام کے عمل میں مسلسل عالمی مرکز کے منصب پر فائز ہے۔ ہماری جانب سے گریفس انٹرنیشنل ایئرپورٹ میں کی گئی ان سرمایہ کاریوں نے، جن میں NUAIR کے ساتھ ہماری دیگر قابلِ قدر شراکت داریوں کے علاوہ، ہماری UAS ٹیسٹ سائٹ، سکائی ڈوم اور انوویئر ایڈوانسمنٹ سینٹر شامل ہیں، اس مقام کو دیگر تمام کے مقابلے میں مستحکم کیا ہے۔ FAA کی جانب سے روم اور سیراکیوز کے درمیان ڈرون راہداری کی منظوری اور NUAIR کی صلاحیتوں کا فروغ ہمیں اور تمام انڈسٹری کو نئی بلندیوں سے روشناس کروانا جاری رکھے گا۔"

اونونڈاگا کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Ryan McMahon نے کہا، "یہ وسطی نیویارک کے لیے ایک اور شاندار دن ہے کیونکہ ہم UAS انڈسٹری میں تحرک اور سرمایہ کاریوں کو مسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ FAA کی جانب سے اس حالیہ ترین منظوری کے ساتھ، اس اہم انڈسٹری کے لیے صلاحیت لامحدود ہو گئی ہے۔" McMahon نے اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے کہا، "میں NUAIR اور تمام شراکت داران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جن کی وجہ سے آج کا دن ممکن بنا۔"

روم کی میئر Jacqueline M. Izzo نے کہا، "آج کے دن کیا جانے والا 50 میل بصری حدِ نگاہ سے آگے (beyond visual line of site، BVLOS) کی تفویض کا اعلان UAS ڈرون ٹیسٹنگ کے عمل کو مزید قوت بخشتا ہے۔ بصری معائنہ کاروں کی ضرورت کے بغیر سیراکیوز سے روم کی جانب ڈرونز کی آزادانہ پرواز کمرشل ہوائی جہازوں کے علاوہ منضبط کردہ فضائی حدود میں UAS ٹیکنالوجی کے مؤثر ہونے کے لیے ڈیٹا اور ٹیسٹ کے حقیقی نتائج تخلیق کرے گی۔ روم UAS ٹیسٹ سائٹ اہم ٹیسٹنگ ٹیکنالوجی کے حوالے سے تاحال ایک واضح اثر رکھتی ہے اور کارگو، طبی سازوسامان اور مزید چیزوں کی کمرشل فضائی حدود میں ڈرون منتقلی کی جانب جا رہی

ہے۔ گریفس کی سہولت گاہ میں روزانہ کی جانے والی جدید UAS ٹیسٹنگ دنیا بھر میں ڈرون ٹیکنالوجی کو زیرِ عمل لانے میں حقیقی اثر رکھتی ہے، "

Centerstate کے CEO اور صدر Rob Simpson نے کہا، "گزشتہ دہائی کے دوران ہمارے علاقائی شراکت داروں نے اس خطے کے انسانوں کے بغیر چلائے جانے والے سسٹمز کے شعبے میں بطور عالمی رہنما ساکھ کو بہتر بنانے کے لیے کام کیا ہے اور آج کے دن اس قیادت کی تصدیق ہو گئی ہے۔ سیراکیوز اور روم کے درمیان خطے کی 50 BVLOS میل راہداری کی باضابطہ تفویض ان اجتماعی کاوشوں اور مشترکہ ویژن میں ایک اہم سنگِ میل کی علامت ہے۔" اس شعبے میں ریاست نیویارک کی بےمثال سرمایہ کاری اور NUAIR کی قیادت نے ہماری کمیونٹی کو پورے وسطی نیویارک اور موہوک ویلی کمیونٹیز کے لیے معاشی مواقع بہتر بناتے ہوئے، عالمی سطح کی اس متعلقہ انڈسٹری کی پہلی صف میں لا کھڑا کیا ہے۔"

NUAIR کے بارے میں
NUAIR (نارتھ ایسٹ UAS ایئرسپیس انٹگریشن ریسرچ الائنس انکارپوریٹڈ) نیویارک میں واقع ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جس کا مشن بغیر عملے کے ایئر کرافٹ سسٹمز (uncrewed aircraft systems، UAS) کو قومی فضائی حدود میں محفوظ طریقے سے ضم کرنا، قابلِ پیمائش، معاشی لحاظ سے مناسب کمرشل ڈرون کارروائیوں کی اہلیت پیدا کرنا ہے۔ NUAIR اونیڈا کاؤنٹی کی جانب سے گریفس انٹرنیشنل ایئرپورٹ، روم، NY میں FAA کی جانب سے تفویض کردہ نیویارک UAS ٹیسٹ سائٹ کی کارروائیوں کا نظم کرتی ہے اور یہ روم اور سیراکیوز، NY کے درمیان نیویارک کی 50 میل طویل UAS راہداری کی تجدید کا ذمہ دار ہے۔ https://nuair.org

VPorts کے بارے میں
VPorts مستحکم بنیادی ڈھانچے پر مبنی مستقبل کی محفوظ جدید فضائی نقل و حرکت کی ترقی کا عمل تشکیل دے رہے ہیں۔ اس کا مقصد 2045 تک پانچ براعظموں میں 1,500 ورٹی پورٹس کی تعمیر اور ان کو فعال کرنا ہے۔ اس کا بنیادی ڈھانچہ ذمہ دارانہ لائحہ عمل اپنا کر، اس کی کارروائیوں میں مرکزیت پیدا کر کے، اور جدید ترین ٹیکنالوجی میں اضافہ کر کے مقامی اور عالمی فضائی نقل و حرکت کے ماحولیاتی نظاموں میں ضم کر دیا جائے گا۔ VPorts کا صدر دفتر میرابیل، کیوبیک میں واقع ہے https://vports.com/۔

CNY رائزنگ کی رفتار تیز کرنا
آج کا اعلان "CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط اقتصادی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی پیدا کرنے کے لیے خطے کے جامع خاکہ ہے۔ علاقے کے اعتبار سے تشکیل دیئے گئے اس منصوبے میں عالمی مارکیٹ کے مواقع میں سرمایہ کاری کرنے، انٹرپرینیور شپ کو مضبوط بنانے اور ایک جامع معیشت قائم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اب، علاقے میں 500$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ شمالی بالائی علاقے کی احیائے نو کے اقدام کے ذریعے CNY رائزنگ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ریاست کی 500$ ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو سہولت دے گی تاکہ 2.5$ بلین سے خاصی زیادہ سرمایہ کاری کی جائے - اور علاقے کا منصوبہ، جیسے کہ جمع کروایا گیا ہے، 5,900 نئی ملازمتوں تک کا امکان ظاہر کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں
امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نیو یارک کی معاشی ترقی کی سربراہ ایجنسی ہے (www.esd.ny.gov)۔ ESD کا مقصد مضبوط اور ترقی پاتی معیشت کو فروغ دینا، نئی ملازمتوں اور معاشی مواقع کی تخلیق کی حوصلہ افزائی کرنا، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لیے محصولات میں اضافہ کرنا، اور مستحکم اور متنوع مقامی معیشتوں کا حصول ہے۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD ایک بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے جو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کی نگرانی کرتی ہے اور ریاست کے مشہور سیاحتی برانڈ "I LOVE NEW YORK" کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ مقامی کونسلز اور امپائر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418